**PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION**

Recognized By Government of Pakistan

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org

**Ref: PCSUMEA/EC-11/2024** **Dated: 21-12-2024**

To
**All the Worthy Members of Executive Committee**
**PCSUMEA.**

**SUBJECT:** **5th EXECUTIVE COMMITTEE MEETING**

Dear Sir,

It is informed that the **5th Executive Committee Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Monday 23rd December 2024** at **02:00 (pm)** under the supervision of **Chairman.**

We request to all the members of executive Committee to attend the meeting at the specified date and time.

**AGENDAS OF THE MEETING ARE GIVEN AS UNDER:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Approval of 4th Executive Meeting Minutes.
3. Briefings and Discussion regarding **Opportunity of "Made in Wazirabad Enclosure"**.
4. Briefings and Discussion Regarding Meeting and way forward with **Hazza Institute of Technology Islamabad.**
5. Briefings on **"Jeddah Exhibition".**
6. Briefings and Discussion regarding **"Life Style Expo Canada".**
7. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 5th EC MEETING MINUTES 23-12-2024

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن وزیر آباد کی پانچویں ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ مورخہ 23 دسمبر 2024 زیر صدارت جناب چیئرمین محمد جمال بھٹہ صاحب میٹنگ ہال میں منعقد کی گئی۔ سیکرٹری جنرل صاحب نے میٹنگ کورم مکمل ہونے کے بعد چیئرمین صاحب سے کہا کہ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز شروع کر سکتے ہیں۔

## RECITATION OF HOLY QURAN

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز چیئرمین صاحب نے تلاوت قران پاک سے کیا۔

## APPROVAL OF 4th EXECUTIVE COMMITTEE MEETING MINUTES

چیئرمین صاحب کی اجازت سے سیکرٹری صاحب نے چوتھی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ کے منٹس کی اپروول کے لیے منٹس کی کاروائی تمام ایگزیکٹو ممبران کے ساتھ شئیر کی اور اس میں کچھ تبدیلی کرنے کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی ممبرز نے ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منٹس کی اپروول دے دی۔

## BRIEFINGS & DISCUSSION REGARDING OPPORTUNITY OF "MADE IN WAZIRABAD ENCLOSURE"

میڈ ان وزیر آباد انکلوژر کے حوالے سے سینیئر وائس چیئرمین نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ عدنان افضل چٹھہ صاحب کی مدد سے چیئرمین TEVTA لاہور سے ایک ملاقات ہوئی ہے کہ ہم کٹلری سیکٹر کی مصنوعات کا ایک باقاعدہ ڈسپلے سینٹر بنانا چاہتے ہیں۔ اس سے ہمارے سیکٹر کی نمائندگی بھی ہوگی وزیر آباد میں بہت سے وزٹر آتے ہیں۔ ہم نے TEVTA لاہور کو اس بات پر متفق کیا ہے۔ TEVTA کٹلری سینٹر وزیر آباد کے فرنٹ پر جگہ موجود ہے۔ ہم وہاں 10 مرلہ جگہ پر ڈسپلے سینٹر بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جگہ آپ کو دیں گے لیکن اس کو تعمیر کرنا اور اس کی دیکھ بھال کرنا آپ کا کام ہے۔ مزید یہ کہ ہم اس کا تھری ڈی ماڈل بنائیں گے اور ڈبل سٹوری تعمیر کریں گے۔ GBC گوجرانوالہ کے ماڈل کو استعمال کریں گے۔ اب ہم نے اپنے اگلے لائے عمل کے لیے فیصلہ کرنا ہے۔ سول ورک کے لیے فنڈز کو اکٹھا کرنا ہے۔ وزیر آباد کی بزنس کمیونٹی کو بھی ساتھ لے کر چلیں گے۔ اس کے ساتھ EDF اسلام آباد کو بھی ساتھ انگیج کیا جا سکتا ہے۔ ہم ان سے فنڈ ریزنگ کے متعلق بات کر سکتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ہم دوسرے گروپ سے بھی رابطہ کریں گے۔ یہ ایک لانگ ٹرم پراجیکٹ ہو گا اور سب سے بڑھ کر یہ سیکٹر سپیسیفک ہو گا۔ اس پر ہمیں مزید ورکنگ شروع کر دینی چاہیے۔

ہاؤس کی متفقہ رائے سے ہدایات سامنے آئی کہ جو ڈونرز اس پراجیکٹ کے لیے فنڈ دیں گے ان کو ہم ایک خاص عرصہ کے لیے سینٹر کے اندر ڈسپلے کی جگہ دیں گے۔ آپ TEVTA کے ساتھ مزید بات کریں۔ CIP کے ڈونرز سے بھی اس متعلق بات کی جائے۔ یہ کام اپ مرحلہ وار کریں۔ یہ بھی TEVTA سے بات کر لی جائے کہ ڈسپلے سینٹر کی جگہ کی قانونی حیثیت کیا ہو گی۔ جگہ کتنی دیر کے لیے مہیا کی جائے گی کیونکہ فنڈز تو ڈونر نے لگانے ہیں۔ آپ ان ہدایات کی روشنی میں مزید بات چیت جاری رکھیں۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD

## BRIEFINGS & DISCUSSION REGARDING MEETING AND WAY FORWARD WITH “HAZZA INSTITUTE OF TECHNOLOGY ISLAMABAD”

سنیئر وائس چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ 19 دسمبر کو ہزا انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اسلام آباد کے مینیجنگ ڈائریکٹر اظہر اقبال سندھو صاحب نے ایسوسی ایشن مین میرے ساتھ میٹنگ کی ہے۔ عدنان افضل چٹھہ صاحب نے ان کا تعارف ہمارے ساتھ کروایا ہے۔ ان کے انے کا مقصد ایک کامرس پلیٹ فارم بشمول علی بابا کے حوالے سے ایسوسی ایشن کے ممبران کو تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ تھا اور ممبران کو فنانشیل سپورٹ کرنا ہے۔ اظہر اقبال سندھو صاحب نے علی بابا پلیٹ فارم کی اہمیت اور اس کے فوائد پر روشنی ڈالی اور تجویز دی کہ ایسوسی ایشن کے ممبران کے لیے ایک خصوصی تربیتی پروگرام ترتیب دیا جائے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ہزا انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی اسلام آباد جلد از جلد ایسا پروگرام لانچ کرے گا، جس میں ممبران کو ای کامرس پلیٹ فارم کی مہارتیں سکھائی جائیں گی۔

اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہم پہلے 20 سے 30 بچوں کو فری آف کاسٹ ٹریننگ دیں گے۔ ان کو ہم ٹرین کریں گے اور ممبرشپ بھی دیں گے۔ یہ ہم ایک سٹیپ لینے جا رہے ہیں۔ ہاؤس سے ہمیں اس کی اجازت درکار ہے۔ 15 سے 20 بچوں کا بیچ بنائیں گے اور اس کی حاضری کو یقینی بنائیں گے۔ اس نے متفقہ طور پر اس کی اجازت دے دی۔

## BRIEFING ON “JEDDAH EXHIBITION”

سنیئر وائس چیئرمین صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ ایگزیکٹو میٹنگ سے پہلے ہم نے ایکسپو کمیٹی اور ڈیلیگیشن کمیٹی کی مشترکہ میٹنگ بلائی تھی۔ جدہ ایگزیبیشن کے حوالے سے موجودہ صورتحال کو کمیٹی کے سامنے رکھا گیا کہ ہم نے جدہ ایگزیبیشن کے لیے 15 ممبرز کا ڈیٹا آن لائن جمع کروایا تھا۔ لیکن ان میں سے اب صرف چار کمپنی کو سلیکٹ کیا گیا ہے۔ ہم نے اس پر بائیکاٹ کر دیا ہے اور ووڈرا کیا ہے۔ اس کے ساتھ سیالکوٹ چیمبر نے بھی بائیکاٹ کر دیا۔ اس بائیکاٹ کے بعد ہماری مزید تین کمپنیوں کو شامل کر لیا گیا اور اب یہ سات کمپنیاں بنتی ہیں۔ بائیکاٹ کا مقصد یہ تھا کہ ہماری ساری کمپنیوں کو فسلیٹیٹ کیا جائے لیکن ایسا ممکن نہ ہو سکا۔ جس کی وجہ یہ سامنے ائی کہ 100 سٹال کی جگہ TDAP نے لی اور درخواستیں 150 سٹال کی موصول ہوئیں۔ اس کے بعد TDAP میں کوئی فارمولا یا پالیسی کے تحت 50 کے قریب کمپنیوں کو نکال دیا جس میں ہماری کمپنیاں بھی شامل تھیں۔ TDAP نے کیا میرٹ کا طریقہ اپنایا اس کے بارے میں ملا جلا ردعمل سامنے آیا۔ چیئرمین صاحب نے کہا کہ ہم کسی کو مجبور نہیں کریں گے جو جانا چاہتا ہے وہ چلا جائے۔ اگر کوئی ممبر اپنی مرضی سے ووڈرا کرنا چاہتا ہے تو وہ TDAP کو ڈائریکٹ ای میل کر دے۔ ایسوسی ایشن اپنی طرف سے ای میل نہ کرے اس کے حوالے سے ایکسپو کمیٹی اور ڈیلیگیشن کیمٹی نے یہ فیصلہ کیا کہ جدہ ایگزیبیشن میں جن ممبرز کا نام آیا ہے ان کو جانا چاہیے۔ بائیکاٹ نہ کریں۔ جدہ ایگزیبیشن میں ہمارے سیکٹر کی نمائندگی ہونی چاہیے۔ ہاؤس نے تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا کہ کمیٹی کے فیصلے کو برقرار رکھا جائے اور جدہ ایگزیبیشن میں ممبرز کو جانا چاہیے اور مزید یہ کہا کہ آپ ان 15 ممبرز کی ایک دوبارہ میٹنگ بلائیں جیسا کہ ایکسپو اور ڈیلیگیشن کمیٹی نے کہا ہے۔ اس کے ساتھ سیکرٹری صاحب کو ہدایت جاری کی کہ ان کی جلد از جلد میٹنگ بلائی جائے۔

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T ROAD WAZIRABAD

## BRIEFING AND DISCUSSION REGARDING "LIFE STYLE EXPO CANADA"

سینئر وائس چیئرمین صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ آج ایکسپو اور ڈیلیگیشن کمیٹی میں لائف سٹائل ایکسپو کینیڈا کے حوالے سے بات چیت ہوئی ہے۔ یہ ایکسپو 18 سے 20 جولائی 2025 کو کینیڈا کے شہر برمپٹن میں ہونے جا رہا ہے۔ جو کمپنی یہ ایکسپو کروا رہی ہے وہ PITB لاہور سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ انہوں نے ہمارے ساتھ دو پیکجز شیئر کیے ہیں۔ ایک سٹینڈرڈ پیکج ود بوتھ ہے جس کی فیس 6500 کینیڈین ڈالر ہے اور دوسرا پیکج بغیر بوتھ کے ہے جس کی فیس 1650 کینیڈین ڈالر ہے۔

یہ کمپنی ہمارے ساتھ ایسوسی ایشن میں ایک سیمینار بھی منعقد کروانا چاہ رہی ہے۔ ایسوسی ایشن صرف پروسیسنگ میں مدد کرے گی۔ پیمنٹ اور ویزا گارنٹی میں ایسوسی ایشن کا کوئی کردار شامل نہیں ہوگا۔ ساری پیمنٹ کمپنی کے ڈائریکٹ اکاؤنٹ میں خواہش مند ممبرز جمع کروائیں گے۔ ہم صرف کوآرڈینیٹر کا رول ادا کریں گے۔ ایسوسی ایشن اس میں ڈائریکٹ شامل نہیں ہوگی۔

مزید یہ کہ سٹینڈرڈ پیکج ود بوتھ میں 1000 کینیڈین ڈالر ناقابل واپسی ہیں اور اگر ویزا نہ لگے تو باقی رقم کمپنی واپس کر دے گی۔ جبکہ دوسرے پیکج میں 500 کینیڈین ڈالر ناقابل واپسی ہیں اور اگر ویزہ نہ لگے تو بقیہ رقم واپس کر دی جائے گی۔ ہم ان سے سٹینڈرڈ پیکج ود بوتھ کے پیکج میں ڈسکاؤنٹ کی بات کر سکتے ہیں۔ ہاؤس میں موجود ایگزیکٹو ممبران نے تمام چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بتایا کہ ایسوسی ایشن اس ایکسپو میں کوئی پیسہ نہ لے اور نہ ہی ڈائریکٹ انوالو ہو۔ ایسوسی ایشن کا مقصد صرف پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے ہم صرف اپرچونٹی دیں گے۔ باقی آپ آرگنائزر سے اس حوالے سے مزید بات چیت جاری رکھیں اور اگر وہ میٹنگ یا سیمینار کروانا چاہتے ہیں تو وہ کروا لیں۔ اس کمپنی سے تمام معلومات معلوم ہونے کے بعد اس کو باقاعدہ سرکلر جاری کریں۔

## OTHER POINTS

چیئرمین صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ سمال انڈسٹری سٹیٹ وزیرآباد کی ریکوری کے حوالے سے ایسوسی ایشن نے ریجنل ڈائریکٹر گجرانوالہ کو ایک لیٹر لکھا ہے جس میں ہم نے پلاٹ مالکان کے لیے تین ماہ کا گریس پیریڈ لینے کا کہا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ پوری کوشش کریں گے کہ 31 دسمبر تک پلاٹ مالکان کے ذمے واجب الادا رقم کی زیادہ سے زیادہ ریکوری کروائی جائے۔ انشاء اللہ ہم آج یہ لیٹر ریجنل ڈائریکٹر آفس گوجرانوالہ کو بھجوا دیں گے۔

آخر میں چیئرمین صاحب نے میٹنگ میں شامل ہونے والے ایگزیکٹو ممبران کا شکریہ ادا کیا اور اس کے ساتھ میٹنگ برخاست ہوگئی۔

issued on
dated: 28/1/25
28/1/25

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T. ROAD
WAZIRABAD